**DASSL**
Domestic Abuse Support
Services Lancashire

# اگر آپ گھریلو بدسلوکی سے متاثر ہیں تو محفوظ رہائش اور تعاون



## گھریلو بدسلوکی کیا ہے؟

گھریلو بدسلوکی کسی کے ساتھ بھی پیش آ سکتی ہے۔

یہ تمثیلی طور پر پارٹنر یا سابق پارٹنر کی طرف سے سخت گیری، اجباری، دھمکی آمیز، ہتک آمیز یا پرتشدد رویے کا ایک وقوعہ (یا وقوعات کا طرز) ہوتا ہے، لیکن یہ دوسرے فیملی ممبروں یا نگرانوں کی طرف سے بھی ہو سکتا ہے۔

## ہم کون ہیں

ڈومیسٹک ابیوز سپورٹ سروسز لنکاشائر (Domestic Abuse Support Services Lancashire, DASSL) ہمارکاؤنٹی پیما گھریلو بدسلوکی سے متعلق امدادی خدمت ہے۔

ساتھ مل کر، ہم گھریلو بدسلوکی سے متاثر افراد اور پسماندگان کو وسیع سطح پر فوری تعاون پیش کرتے ہیں۔ ہم آپ کے علاقے کی خدمات تک براہ راست رسائی اور 24 گھنٹے تعاون تک رسائی فراہم کرتے ہیں۔

## ہمیں معلوم ہے کہ بعض اوقات بات کرنا غیر محفوظ ہو سکتا ہے

ہماری آن لائن چیٹ ہماری ویب سائٹ پر روزانہ دستیاب ہے

صبح 10 بجے تا دوپہر 12 بجے، دوپہر 2 بجے تا شام 4 بجے، رات 8 بجے تا رات 1 بجے

## ہم سے رابطہ کریں

0300 3033 581

contact@DASSL.org.uk

www.DASSL.org.uk

**ہنگامی حالت میں 999 پر کال کریں**

فنڈ یافتہ بذریعہ
Lancashire County Council

## ہم کس طرح آپ کا تعاون کرتے ہیں

**آپ کو آپ کے لیے محفوظ ترین انداز میں گھریلو بدسلوکی کے تخصیصی پریکٹشنرز کی طرف سے رازدارانہ تعاون موصول ہوگا:**

- رو بہ رو
- ہماری 24 گھنٹے وقف فون لائن کو کال کریں
- ہمیں پیر تا جمعہ صبح 9 بجے تا شام 5 بجے ای میل کریں
- اجتماعی کام (اوقات کے لیے کال کریں)
- ہماری ٹیم کی طرف سے انتظام کردہ ورچوئل تعاون

**ہم مدد کرنے کے لیے حاضر ہیں، ہم آپ کی بات سنتے اور سمجھتے ہیں**



## ہماری خدمات

- محفوظ 24 گھنٹے ہنگامی رہائش تک رسائی
- حفاظتی منصوبہ بندی
- بچوں اور نوعمر افراد کے لیے امدادی خدمات
- پیچیدہ ضروریات محفوظ رہائش
- بالغوں اور بچوں کے لیے کمیونٹی آؤٹ ریچ
- اجتماعی کام کے پروگرام
- مردوں کی امداد اور رہائش کی خدمات
- لسانی تعاون
- گھریلو بدسلوکی کے ٹرانس اور نان بائنری متاثرین اور پسماندگان کے لیے تعاون
- دیگر ایجنسیوں اور تخصیصی خدمات کے نام ریفرلز

## ریفر کیسے کریں

**ہماری کاؤنٹی پیما خدمت کسی بھی ایسے شخص کے لیے دستیاب ہے جو لنکاشائر میں گھریلو بدسلوکی سے متاثر ہے۔**

ہماری خدمات کے پاس ریفر کرنا آسان ہے۔ آپ براہ راست ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں یا جو شخص آپ کا تعاون کر رہا ہے اس سے ہمارے ساتھ رابطہ کروانے کی گزارش کر سکتے ہیں۔

آپ ہمارا 27 گھنٹے فون نمبر استعمال کر کے یا ہماری ویب سائٹ پر متعامل نقشہ استعمال کرتے ہوئے اپنی خدمت کا پتہ لگا کر ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں: DASSL.org.uk